بائن سمجھتا ہو، لیکن قاضی وقت فیصلہ کر دے کہ یہ طلاق رجعی ہے، تو اُس کے لیے رجعت کرنے کی گنجائش ہے۔"

اسی طرح تحریم و تحلیل اور معاشرۃ اور لین دین کے اُن تمام معاملات میں جنکے اندر فقہاء اور ائمہ کی رائیں مختلف ہیں، ہر فقیہ پر لازم ہے کہ اگر دار القضاء سے اسکے مذہب فقہی کے خلاف فیصلہ ہو تو وہ اپنی رائے اور اپنے مسلک کو چھوڑ کر قاضی کے فیصلہ پر عمل کرے۔

(باقی)

اشاعت خاص ترجمان القرآن

رجب ۵۸ھ کی اشاعت، ترجمان القرآن کی اشاعت خاص ہوگی جس میں شعبان ۵۶ھ سے اب تک کے تمام "اشارات" یکجا شائع کیے جائینگے۔ ان مضامین کو از سر نو مرتب کیا گیا ہے، اور بہت سے اہم مباحث کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ ضمیمہ کے طور پر جناب ساربان کا مضمون "متاع کارواں" بھی اسکے ساتھ ہوگا۔

پچھلے مضامین کا مجموعہ جو "مسلمان اور موجودہ سیاسی کشمکش" کے نام سے شائع ہوا تھا، آٹھ ہزار کی تعداد میں طبع کیا گیا تھا اور قریب قریب سب نکل گیا۔ اس مقبولیت کو دیکھ کر یہ دوسرا مجموعہ سات ہزار کی تعداد میں طبع کیا جا رہا ہے۔ ضخامت تقریباً ۱۶۰ صفحہ ہوگی قیمت فی نسخہ ۵/ - ایک روپیہ میں ۴ نسخے۔ ۲۰ روپے میں سو نسخے علاوہ محصولڈاک

جو حضرات اسکی اشاعت میں حصہ لینا چاہتے ہوں وہ مہتمم شعبۂ اشاعت دار الاسلام کے پاس فرمائش بھیجیں۔